## 1924 ـ کچا گوشت کھانے کا حکم

**سوال**

میرا سوال یہ ہے کہ کچھ معاشروں میں ایسے شخص بھی پائے جاتے ہیں جو کچا گوشت کھاتے ہیں، اس سلسلہ میں اسلام کا حکم معلوم کرنا چاہتا ہوں آیا یہ جائز ہے یا نہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

بعض اہل علم نے کچا گوشت کھانا مکروہ قرار دیا ہے، لیکن صحیح یہ ہے کہ کچا گوشت کھانا مباح ہے، اس لیے کہ اشیاء میں اصل اباحت ہے، اور کچا گوشت کھانے کی ممانعت میں کوئی دلیل وارد نہیں، لیکن اس میں شرط یہ ہے کہ اس کے نتیجہ میں کھانے والے کو کوئی ضرر اور نقصان نہ ہو، اگر نقصان اور ضرر ہو تو پھر کھانے سے منع کیا جائیگا، کیونکہ ہر ضرر اور نقصان دینے والی چیز حرام ہے.

اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

اور تم اپنے ہاتھوں کو ہلاکت میں مت ڈالو .

واللہ اعلم .